© rasailojaraid.com



# مسافرانِ عدم

## عبدالمتین چودھری ایڈووکیٹ کو صدمہ:

ساہی وال سے معروف قانون دان اور ہمارے کرم فرما محترم عبدالمتین چودھری ایڈووکیٹ کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ رحلت کر گئیں۔

## مولانا بلال احمد کو صدمہ:

مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے رہنما مولانا بلال احمد کی ہمشیرہ ۲۰ اگست کو انتقال کر گئیں۔ مرحومہ منشی واحد بخش مرحوم کی اہلیہ تھیں۔ منشی واحد بخش مرحوم مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ تھے اور ایک متحرک و فعال کارکن تھے۔

## حاجی سعید الرحمن لدھیانوی مرحوم:

شیخوپورہ سے ہمارے قدیم مہربان محترم حاجی سعید الرحمن لدھیانوی گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔ مرحوم مولانا عبدالرحمن لدھیانوی رحمہ اللہ کے فرزند تھے۔

## خواجہ عبدالحمید بٹ مرحوم:

مجلس احرار اسلام کے سابق کارکن محترم خواجہ عبدالحمید بٹ یکم اگست کو لودھراں میں انتقال کر گئے۔ وہ طویل عرصہ سے علیل تھے۔ مرحوم خواجہ صاحب قیام پاکستان سے قبل مجلس احرار اسلام سے وابستہ ہوئے اور جب مجلس احرار اسلام نے ۱۹۳۴ء میں قادیان میں شعبہ تبلیغ قائم کیا تو وہاں جماعت کی طرف سے دفتری خدمات بھی سر انجام دیں۔ تحریک تحفظ ختم نبوت میں ان کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں وہ باقیات احرار میں سے تھے اور اکابر احرار کے تربیت یافتہ کارکنوں میں سے تھے۔

## علامہ عزیز انصاری، مرحوم:

معروف سماجی و سیاسی کارکن علامہ عزیز انصاری ۲۰ اگست کو گوجرانوالہ میں انتقال کر گئے۔ مرحوم انصاری صاحب آغا شورش کاشمیری مرحوم کے قریبی دوستوں میں سے تھے۔ تحریک تحفظ ختم نبوت میں بھرپور حصہ لیا۔ آغا شورس کاشمیری نے انہیں علامہ کا خطاب دیا اور پھر وہ علامہ کے نام ہی سے معروف ہو گئے۔

## اہلیہ حافظ عبدالرشید ارشد:

ماہنامہ الرشید لاہور کے مدیر اور مکتبہ رشیدیہ لاہور کے مالک جناب حافظ عبدالرشید ارشد صاحب کی اہلیہ محترمہ اور جناب حماد ارشد، سجاد ارشد کی والدہ ماجدہ ۱۱-۱۲ اگست کی درمیانی شب انتقال کر گئیں۔ وہ طویل عرصہ سے علیل تھیں ان کے سر میں کینسر کی رسولی تھی۔

## محترم عین الحق مرحوم:

مجلس احرار اسلام لاہور کے دیرینہ معاون محترم عین الحق صاحب گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔

© rasailojaraid.com

مجلس احرار اسلام قصور کے صدر چودھری محمد عاشق احرار کے تایا چودھری نظام دین 26 اگست کو انتقال کر گئے۔
مجلس احرار اسلام قصور کے سابق نائب امیر مولانا محمد اکبر مرحوم کے بہنوئی حاجی عبدالعزیز 14 اگست کو انتقال کر گئے۔
اراکین ادارہ تمام مرحومین کیلئے دعا مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے ان کیلئے صبر کی دعاء کرتے ہیں۔
قارئین سے بھی درخواست ہے کہ جملہ مرحومین کیلئے ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعائے صحت

ضیغم احرار شیخ حسام الدین رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند ارجمند محترم شیخ ریاض الدین صاحب (لاہور) طویل عرصہ سے علیل ہیں۔
ہمارے دیرینہ رفیق محترم عبدالرحمن جامی نقشبندی (جلال پور پیروالا) گزشتہ چند ماہ سے شدید علیل ہیں۔
مدرسہ احرار اسلام چشتیاں کے مدرس قاری محمد عطاء اللہ صاحب کی اہلیہ شدید علیل ہیں۔
احبابِ احرار اور قارئین سے درخواست ہے کہ جملہ مریضوں کی شفاء یابی کیلئے خاص طور پر دعاء کا اہتمام فرمائیں ۔۔۔ اراکین ادارہ اپنے رفقاء کی صحت یابی کیلئے دعاء گو ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں شفاء عطاء فرمائے (آمین) (ادارہ)

بقیہ از ص ۵۷

جی کی حیات مبارکہ تمام طبقات کے لئے مشعلِ راہ ہے۔
ڈاکٹر جمال الدین محمد انور، فیض الحسن فیضی ایڈووکیٹ اور دیگر مقررین نے بھی اجتماع سے خطاب کیا۔
دریں اثنا جامع مسجد سید ناصدیق اکبر جھگی سیداں اسلام آباد میں سید محمد کفیل بخاری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری امت مسلمہ کی تمام مشکلات اور ہماری زبوں حالی کا صرف اور صرف ایک حل ہے کہ ہم اسلام کو بطور نظام حیات نافذ کرنے کے لئے اپنی زندگیاں وقف کردیں اور جمہوریت سمیت تمام کفریہ نظاموں کی دلدل سے نکل جائیں۔


مدرسہ ختم نبوت مسجد احرار ربوہ

دارالکفر والارتداد ربوہ میں مسلمانوں کا عظیم تعلیمی و تبلیغی مرکز

ڈیڑھ سو سے زائد طلباء و طالبات قرآن کریم کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ بخاری پبلک سکول میں پرائمری تک طلباء تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ مدرسہ میں پچاس سے زائد طلباء رہائش پذیر ہیں۔
مدرسہ کی توسیع کے لئے مزید دو کنال زمین کی خرید اشد ضروری ہے۔ درس گاہیں اور مسجد تعمیر کی تکمیل کے مرحلہ میں ہیں۔ اپنے عطیات، زکواۃ و صدقات اس کارِ خیر میں دے کر اجر حاصل کریں۔

ترسیل زر کے لئے:۔
سید عطاء المہیمن بخاری، منتظم مدرسہ ختم نبوت، مسجد احرار ربوہ ضلع جھنگ۔ فون: 211523(04524)



© rasailojaraid.com